# Home Economics - 10th Class Home Economics Urdu Medium Chapter 3 Preparation

Q1. درمیانی عمر کے ملبوسات کے لیے کن باتوں کو مدنظر رکھانا ضروری ہے.

**Ans 1:** یہ دور عام طور پر پینتیس سال سے پچاس سال کی عمر کا دور ہے. عمر کی اس حد پر پہنچ انسان کسی نہ کسی مقام پر پہنچ چکا ہوتا ہے اور معاشرے میں اسکی ایک شناخت بن چکی ہوتی ہے.مثال کے طور پر ماں'بیوی'ڈاکٹر'معلمہ وغیرہ .اس عمر میں سماجی ضروریات کافی بڑھ جاتی ہیں.اس لیے اس عمر میں لباس کا انتخاب تمام ضروریات کا حقیقت پسندانہ جائزہ لے کر کرنا چاہیے.

---

Q2. گھٹنوں کے بل چلنے والے بچوں کے ملبوسات کیسے ہونے چاہیں.

**Ans 1:** گھٹنوں کے بل چلنے والے بچوں کے ملبوسات درج ذیل ہیں. کپڑا نرم و ملائم اور وزن میں ہلکا ہونا چاہیے. ایسا کپڑا جس میں آسانی سے سلوٹیں نہ پڑیں اور ہلکی استری ہوسکے اسکے لیے بہتر ہے. اس عمر کے لیے ہلکے اور درمیانہ رنگوں میں چھوٹے پھولدار پرنٹ اور چیک مناسب رہتے ہیں.

---

Q3. شیر خوار بچوں کے لباس کی گنجائش کے بارے میں لکھیں.

**Ans 1:** شیر خوار بچوں کے لباس کی گنجائش ایسی ہو کہ پہنانے اور اتارنے میں آسانی ہو. لباس اس قدر کھلا ہو کہ بچے کے بازو باآسانی گزسکیں . لباس کھلا اور ڈھیالا ڈھالا ہو. جو جسمانی حرکات و سکنات کا باعث نہ ہو.

---

Q4. لباس کو بجٹ میں کتنی اہمیت حاصل ہے.

**Ans 1:** لباس خاندان کے بجٹ میں دوہری اہمیت کا حامل ہے. جہاں یہ ایک بنیادی ضرورت ہے وہاں اس کا شمار آسائش میں بھی ہوتا ہے. اس لیے یہ گھریلو وسائل پر کافی حد تک اثر انداز ہوتا ہے.

---

Q5. نازک اندام شخصیت کے بارے میں مختصر لکھیں.

**Ans 1:** نازم اندام شخصیت کے مالک لوگ دیکھنے میں انتہائی نرم و نازک اور نسوانیت سے بھر پور تاثر دیتے ہیں.ان کے خیالات بھی نازک ہوتے ہیں وہ زندگی میں نفاست اور نزاکت کو کو اہمیت دیتے ہیں.ان کے لیے باریک اور نرم کپڑے مناسب رہتے ہیں. جس کی تراش خراش اور آرائش نہایت نفاست سے کی گئی ہو ہلکے اور چھوٹے پرنٹ انکی شخصیت کو نمایاں کرتے ہیں.

---

Q6. اگر قمیض کی چورائی تنگ ہو تو کیا کرنا چاہیے.

**Ans 1:** اگر قمیض کی چورائی تنگ ہو تو اس کے اندر مختلف انداز میں پٹیاں ڈال کر اس کی چوڑائی بڑھائی جاسکتی ہے. اس سے گھیردار فراک تیار ہوسکتا ہے. ان پٹیوں پر آپ کڑھائی بھی کرسکتی ہیں اور لیس بھی لگا سکتی ہیں . کرتے کی چوڑائی بڑھانے کےلیے کلیوں کا اضافہ کیا جاسکتا ہے.

---

Q7. لباس کے انتخاب میں شخصیت کا کیا کردار ہے؟

**Ans 1:** لباس انسان کی مکمل شخصیت کا آئنہ دار ہوتا ہے. شخصیت کے لحاظ سے ہرانسان دوسرے سے مختلف ہوتا ہے. لہزا لباس کا انتخاب کرتے وقت مزاج و شخصیت کو سامنے رکھنا ضروری ہے.

---

Q8. نیفہ کن صورتوں میں ڈالا جاسکتا ہے.

**Ans 1:** نیفہ دو صورتوں میں ڈالا جاسکتا ہے. شلوار کی لمبائی بڑھانے کےلیے. شلوار کے پانچے ہوں تو چوڑے کرنے کےلیے.

---

Q9. چھ سے گیارہ سال کی عمر کی لڑکیوں کےلیے لباس میں کون سے زیر جامے مفید رہتے ہیں.

**Ans 1:** چھ سے گیارہ سال کی عمر کی لڑکیوں کےلیے لباس میں ہوزری کے بنے ہوئے کپڑوں سے تیار کردہ ایسے زیر جامے بہتر اور مفید رہتے ہیں جن میں الاسٹک ڈالا گیا ہو. کیونکہ بہت کم سکڑتے ہیں اور ان کو دھونےکے بعد استری کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی .

---

Q10. باوقار سنجیدہ شخصیت کے لباس کے بارے میں لکھیں.

**Ans 1:** باوقار سنجیدہ شخصیت کے لوگ سنجیدہ ، کم گو اور روایتی قدروں کے حامل ہوتے ہیں. ان کی فطرت میںچلبلا پن بالکل نہیں ہوتا . لباس کے انتخاب میں ایسے لوگ نہایت سوبر رنگ اور سادہ تراش خراش والے لباس اپناتے ہیں.

---